NATIONAL SENIOR CERTIFICATE EXAMINATION
NOVEMBER 2011

URDU SECOND ADDITIONAL LANGUAGE: PAPER II

Time: 2 hours | 100 marks

PLEASE READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY

1. This question paper consists of 7 pages.
2. Read the questions carefully and follow all instructions.
3. Answer Sections A, B and C.
4. Start each question on a new page.
5. All answers must be in URDU.
6. Strike out all rough work.
7. Your writing must be neat, clear and legible. Leave a line in between answers.

IEB Copyright © 2011

SECTION A

QUESTION 1 ESSAY

صرف ایک مضمون چُن کر اپنے الفاظ میں ۱۸ - ۲۰ لائن لکھیئے۔

۱. محلّے کی مسجد ۔

۲. ہمارا خوب صورت گھر ۔

۳. ایک خواب ۔

۴. ہمارے پڑوسی ۔

۵. صفائی ۔

۶. عید کا دن ۔

۷. میری پیاری ماں ۔

30 marks

IEB Copyright © 2011

SECTION B

QUESTION 1 TRANSACTIONAL TEXT

سوال نمبر ۱-۲-۳ کے جواب لکھیئے۔

1. NOTE

نمبر ۱ : چھٹّی

آپ کے دوست کو ایک چھٹّی کے ذریعے بتائیے
کہ آپ امتحان کی تیّاریاں کس طرح کرینگے۔
(پانچ جملے لکھیئے)۔

(10)

2. SMS

نمبر ۲ : اسئمئس

اسئمئس کے ذریعے آپ کی چھوٹی بہن ساجرہ
کو اتوار کو دس بجے بازار میں ملنے کی دعوت
دیجیئے۔ (صرف پانچ جملے لکھیئے)۔

(10)

3. LIST

نمبر ۳ : لسٹ

چار(۴) دوستوں کے نام لکھیئے اور ایک ایک
پر دو جملے لکھیئے۔

(10)

30 marks

SECTION C LANGUAGE

QUESTION 1

۱. پڑھیئے اور جواب لکھیئے ۔

کام کرنا عبادت ہے

(احمد علی مدرسے سے گھر آیا ۔ اپنی امّی جان کو سلام کیا اور پھر اپنے دادا جان کے پاس پہنچا)

احمد علی : آداب دادا جان ۔

دادا جان : جیتے رہو بیٹے ! آج تم نے مدرسے میں کیا کیا پڑھا ؟

احمد علی : آج ہم نے اُردو ، سندھی ، معاشرتی عُلوم ، حساب ، سائنس اور اسلامیات کے سبق پڑھے ۔

دادا جان : شاباش ! تم بہت اچھے لڑکے ہو ۔

احمد علی : دادا جان ! آج اسلامیات کے سبق کی ایک بات میری سمجھ میں نہیں آئی ۔

دادا جان : جو بات سمجھ میں نہ آئے وہ اپنے ماسٹر صاحب سے پوچھ لیا کرو ۔

احمد علی : جی ہاں ۔ میں ماسٹر صاحب سے پوچھنے ہی والا تھا کہ اتنے میں چُھٹّی کی گھنٹی بج گئی ۔

دادا جان : وہ کون سی بات ہے جو تم نہیں سمجھ سکے ۔

احمد علی : دادا جان ! ماسٹر صاحب نے اسلامیات کا سبق پڑھاتے ہوئے کہا تھا کہ "کام کرنا عبادت ہے" میں اس کا مطلب نہیں سمجھ سکا ۔

دادا جان : تمھارے ماسٹر صاحب نے بالکل درست کہا، مسلمان کا ہر کام جو اللہ کے

جواب لکھیئے : کام کرنا عبادت ہے۔

(3) ۱. ۱. تین الفاظ لکھیئے جو 'ڈ' سے شروع ہوتے ہیں۔

(2) ۲. دو الفاظ لکھیئے جو ش سے شروع ہوتے ہیں۔

۲. کا ۔ کے ۔ کی ۔ کو استعمال کیجیئے۔

(1) ۱. حساب ____ سبق۔

(1) ۲. دادا جان ____ گرم پانی دینا۔

(1) ۳. چھٹی ____ گھنٹی۔

(1) ۴. ماسٹر صاحب ____ دو بیٹے۔

(1) ۵. احمد دادا جان ____ پاس جلدی گیا۔

۳. ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیئے۔

(1) ۱. سبق :

(1) ۲. اسلامیات :

(1) ۳. دُرُست :

(1) ۴. مدرسہ :

(1) ۵. چھٹی :

۴. 'کام کرنا عبادت ہے' اس پر اپنے الفاظ میں ایک مضمون لکھیئے۔ (۵-۶ لائن)۔

(5)

[20]

IEB Copyright © 2011

QUESTION 2

۲. کہانی کو پڑھیے اور پھر جواب لکھیے۔

گاؤں

ہمارے گاؤں میں ایک خوب صورت مسجد ہے۔ ہم وہاں نماز پڑھتے ہیں۔ مولوی صاحب ہمیں وہاں قرآن شریف بھی پڑھاتے ہیں۔ ہم مسجد کی صفائی کا بہت خیال رکھتے ہیں۔ ہمارے گاؤں کی گلیاں کچی ہیں۔ مگر صاف ستھری ہیں۔ ہمارے گھر بھی کچے ہیں۔ یہ بھی صاف ستھرے ہیں۔ ہم سادا اور صاف ستھرا لباس پہنتے ہیں۔ ہماری خوراک سادا ہے۔

گاؤں کے باہر ایک میدان ہے۔ اس میدان میں ہم شام کو کھیلتے ہیں۔ کچھ کبڈی کھیلتے ہیں۔ کچھ والی بال۔ یہاں ایک مدرسہ بھی ہے۔ ہم سب بچے اس مدرسے میں بڑے شوق سے پڑھتے ہیں۔ مدرسے کے پاس ایک سرکاری اسپتال ہے۔ اگر کوئی بیمار ہو جاتا ہے تو وہاں سے دوا لاتا ہے۔

سال میں ایک بار ہمارے یہاں میلہ لگتا ہے۔ بڑی چہل پہل ہوتی ہے۔ میلے میں کھیل کرتب ہوتے ہیں۔ پہلوان کشتی لڑتے ہیں۔ اُسے "ملھ" کہتے ہیں۔ بچوں کے لیے کئی طرح کے جھولے ہوتے ہیں۔ ہم ان جھولوں میں مزے سے جھولتے ہیں۔

جواب لکھیے۔

۱. ۱. مولوی صاحب ہمیں کیا پڑھاتے ہیں؟ (1)

۲. گاؤں کی گلیاں کیسی ہیں؟ (1)

۳. بچے میدان میں کیا کرتے ہیں؟ (1)

۴. میلے میں کیا کیا ہوتے ہیں؟ (2)

۵. میدان کے بارے میں لکھیے۔ (دو جملے)۔ (2)

۶. مسجد کے بارے میں تین جملے لکھیے۔ (3)

[10]

IEB Copyright © 2011

TRANSLATION

۲۔ ترجمہ

انگریزی سے اُردو میں لکھیے۔

1. Where is the big mosque? It is near the sea. (1)

2. My school is very big and beautiful. (1)

3. My name is Saajid and I live in a small village. (1)

4. Father asked, "Why did you come home late yesterday?" (1)

5. The children are in the house. (1)

[5]

QUESTION 3 PICTURE

۳. تصویر

جواب لکھیے:

تصویر کو غور سے دیکھیے اور مضمون لکھیے۔

(۶-۷ لائن)۔

[5]

40 marks

Total: 100 marks

IEB Copyright © 2011